NYC Public Schools

2027-2028 تعلیمی سال کے لیے 'والدین کے ارادے کی اطلاع' (Parental Notice of Intent) کی رہنمائی

عزیز اہل خانہ،

اگر آپ 2027-28 تعلیمی سال کے لیے اپنے بچے کو کسی غیر سرکاری اسکول میں داخل کروانے یا انہیں گھر پر تعلیم دینے کا ارادہ رکھتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ آپ کا بچہ غیر سرکاری اسکول یا گھر پر تعلیم کے دوران خصوصی تعلیمی خدمات حاصل کرے، تو آپ کو ان خدمات کے لیے ('ارادے کی اطلاع') خصوصی تعلیم کمیٹی (CSE) کو ایک تحریری درخواست اُس ضلع میں جس میں آپ کا غیر سرکاری اسکول واقع ہے (مقام کا ضلع)، کے پاس جمع کروانا ہوگی ۔ اگر آپ کے بچے کو خدمات کے لیے اہل قرار دیا جاتا ہے تو CSE ایک انفرادی تعلیمی خدمات کا منصوبہ (IESP) تیار کرے گی۔

نیو یارک شہر میں واقع غیر سرکاری اسکولوں کے لیے، 'ارادے کی اطلاع' آپ کی CSE کو ای میل، ڈاک یا بذاتِ خود جاکر جمع کروانا ضروری ہے، اور اس کی آخری تاریخ **1 جون، 2027** ہے۔ براہِ کرم اپنی CSE کی شناخت کے لیے نیچے دیے گئے جغرافیائی آن لائن ایڈریس ٹرانسلیٹر (GOAT) کا استعمال کریں۔ نیو یارک شہر پبلک اسکولز اس بات کے لیے پُرعزم ہے کہ آپ کے پاس آنے والے تعلیمی سال کی منصوبہ بندی کے لیے تمام ضروری معلومات موجود ہوں، اور اس سلسلے میں درج ذیل تفصیلات فراہم کی گئی ہیں۔

اگر آپ کو مدد کی ضرورت ہو، تو بلاجھجھک اپنے مقامی CSE سے رابطہ کریں، جن کی معلومات schools.nyc.gov/cse پر دستیاب ہیں۔
We are here to support you!

غیر سرکاری (نجی / مذہبی) اسکول میں معذوری کے حامل طلباء

نیویارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) پر ان طلباء کی خصوصی تعلیمی ذمہ داریاں ہیں جو والدین کے اپنے اخراجات ("parentally placed") پر نیویارک شہر کے نجی یا مذہبی اسکولوں میں داخل کیے جاتے ہیں، ان ذمہ داریوں میں ان طلباء کی نشاندہی کرنا، مقام کا تعین اور ان کی تشخیص کروانا شامل ہے۔ یہ ذمہ داری ان طلباء تک بھی محیط ہے جو نیویارک شہر سے باہر نیویارک ریاست میں رہتے ہیں، اور ان طلباء تک بھی ہے جو نیویارک ریاست سے باہر رہائش پذیر ہیں لیکن اپنے والدین کے خرچ پر نیویارک شہر کے نجی یا مذہبی اسکولوں میں داخل ہیں۔

گھر پر تعلیم حاصل کرنے والے معذوری کے حامل طلباء

نیویارک تعلیمی قانون کے جُز 3602-c کے تحت، گھر پر تعلیم حاصل کرنے والے معذوری کے حامل طلباء کی شناخت بطور غیر سرکاری اسکول کے طلباء کی جاتی ہے۔ گھر پر تعلیم حاصل کرنے والے معذوری کے حامل بچے 'معذوری کے حامل افراد تعلیم ایکٹ' کے تحت نجی اسکولوں میں والدین کے داخل کیے گئے معذور بچوں کے مساوی سمجھے جاتے ہیں۔ گھر پر تعلیم حاصل کرنے والے معذوری کے حامل طلباء کے لیے، نیویارک شہر پبلک اسکولز تعین کرے گا کہ خصوصی تعلیمی خدمات کہاں فراہم کی جائیں گی، جس میں طالب علم کا مقامی (کمیونٹی) اسکول شامل ہو سکتا ہے۔

جو خاندان اپنے بچوں کو 2027-28 تعلیمی سال کے لیے گھر پر تعلیم دینے کا ارادہ رکھتے ہیں، انہیں درج ذیل حتمی تاریخوں کا علم ہونا چاہیے۔ اگرچہ گھر پر تعلیم دینے کے اپنے ارادے سے NYCPS کو مطلع کرنے کی آخری تاریخ 1 جولائی، **2027** ہے، آپ کی خصوصی تعلیمی خدمات کی درخواست **1 جون، 2027** تک وصول ہو جانی چاہیے۔

- ☐ **1 جون، 2027** – وہ آخری تاریخ جس تک NYCPS کو ان بچوں کے لیے خصوصی تعلیمی خدمات کی درخواست موصول ہونی چاہیے جنہیں آپ گھر پر تعلیم دینے کا ارادہ رکھتے ہیں۔

- ☐ **1 جولائی، 2027**– وہ تاریخ جس تک گھر پر تعلیم کے واپس آنے والے خاندانوں کو ہر بچے کے لیے سالانہ ارادے کی اطلاع کا خط جمع کروانا ضروری ہے۔ وہ والدین جو تعلیمی سال کے آغاز کے بعد گھر پر تعلیم دینے کا فیصلہ کرتے ہیں (یا جو اسکول ضلع میں رہائش اختیار کرتے ہیں) انہیں گھر پر تعلیم (کے دفتر) کو گھر پر تعلیم کے آغاز ہونے کے 14 دن کے اندر اپنے بچے کے لیے 'ارادے کی اطلاع' جمع کروانی ہوگا۔

اس کے علاوہ، خصوصی تعلیمی خدمات کا اہل ہونے کے لیے، گھر پر تعلیم حاصل کرنے والے طالب علم کے پاس 'گھر پر تعلیم کا انفرادی منصوبہ' (IHIP) ہونا ضروری ہے جو تعلیمی کمشنر کے ضوابط کے جُز 100.10 کے مطابق ہو۔ گھر پر تعلیم کے واپس آنے

والے طلباء کے لیے، IHIP جمع کروانے کی آخری تاریخ **15 اگست، 2027** ہے۔ گھر پر تعلیم حاصل کرنے والے نئے طلباء کے لیے، ’ارادے کی اطلاع‘ جمع کروانے کے بعد **28 دن** کے اندر IHIP جمع کروانا لازمی ہے۔

اپنے بچے (بچوں) کو گھر پر تعلیم دینے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، برائے مہربانی schools.nyc.gov/homeschooling پر جائیں۔

’والدین کے لیے ارادے کی اطلاع‘ کے تقاضے

خصوصی تعلیمی خدمات کی درخواست کرنے والے کی ارادے کی اطلاع (PNI) کمیٹی برائے خصوصی تعلیم (CSE) کو **1 جون، 2027** تک یا اس سے پہلے موصول ہو جانی چاہیے، اور اس میں درج ذیل اہم نکات شامل ہونے چاہئیں۔

☐ ’ارادے کی اطلاع‘ والدین یا سرپرست، یا خاندان کی نمائندگی کرنے والے وکیل کی جانب سے جمع کروانا ضروری ہے۔ اگر اطلاع خاندان کی جانب سے وکیل کے ذریعے جمع کروایا جائے، تو اس میں 28-2027 کے تعلیمی سال کے لیے رازداری سے بریت (confidentiality release) بھی شامل ہونا ضروری ہے، جس پر والدین نے قلم اور سیاہی سے دستخط کیے ہوں۔ براہ کرم توجہ کریں کہ گزشتہ کسی بھی تعلیمی سال کے متعلق کوئی قانونی عمل یا دوسرے کسی عمل میں نمائندگی، 28-2027 تعلیمی سال کے لیے مطلوب، رازداری سے بریت کا متبادل نہیں ہو سکتی۔ **وکیل کے علاوہ کسی تیسرے فریق کی جانب سے ’ارادے کی اطلاع‘، ’رازداری سے بریت‘ دستاویز کے ساتھ یا بغیر، قبول نہیں کیا جائے گا۔**

☐ ’ارادے کی اطلاع‘ میں یہ شامل ہونا ضروری ہے:
- ❑ طالبِ علم کا پہلا اور آخری نام
- ❑ طالب علم کی NYCID (اگر معلوم ہے)
- ❑ تاریخِ پیدائش
- ❑ گھر کا پتہ
- ❑ والدین کا نام
- ❑ والدین کا فون نمبر
- ❑ والدین کا ای میل پتہ
- ❑ وہ گریڈ جس میں طالب علم تعلیمی سال 28–2027 میں داخل ہوگا
- ❑ اس اسکول کا نام جہاں طالب علم 28- 2027 تعلیمی سال میں جائے گا
- ❑ اس اسکول کا پتہ جہاں طالب علم 28- 2027 تعلیمی سال میں جائے گا
- ❑ اسکول میں رابطہ فرد کا نام اور ای میل پتہ جہاں طالب علم 28- 2027 تعلیمی سال میں جائے گا

آپ کی سہولت کے لئے، NYCPS نے ’والدین کے ارادے کی اطلاع‘ (PNI) کا ایک ٹیمپلیٹ (خاکہ) بنایا ہے جسے آپ استعمال کرسکتے ہیں۔ یہ ٹیمپلیٹ schools.nyc.gov/cse پر ’والدین کے ارادے کی اطلاع کا خط ‘ برائے 2028-2027 تعلیمی سال کے نیچے دستیاب ہے۔

اگر ’ارادے کی اطلاع‘ ای میل کے ذریعے جمع کروایا جائے، تو یہ صرف اسی صورت میں قبول ہوگا جب اسے والدین/ سرپرست کی جانب سے براہِ راست اُس ای میل پتے کو استعمال کرکے بھیجا جائے جو NYCPS کے ریکارڈ میں موجود ہو، یا پھر یہ اطلاع خاندان کی نمائندگی کرنے والے وکیل کے ذریعے بھیجا گیا ہو۔

☐ ماسوائے کہ ’ارادے کی اطلاع‘ والدین/ سرپرست کے NYCPS ریکارڈ میں درج ای میل پتے کے ذریعے براہ راست ای میل یا جیسا کہ اوپر ذکر ہوا، وکیل کی ذریعے جمع نہ کروائی گئی ہو، اطلاع نامے پر والدین کو قلم اور سیاہی سے دستخط یا الیکٹرانک دستخط کرنا ہوں گے۔ اگر ای میل Docusign کے ساتھ دستخط براہِ راست اہلِ خانہ کی جانب سے بھیجی گئی ہو، ای دستخط صرف Docusign استعمال کرنے کی صورت میں ہی قبول کیے جائیں گے۔ براہِ کرم توجہ کریں کہ خاندان کی جانب سے وکیل کو نمائندگی کی اجازت دینے والی دستخط شدہ رازداری سے بریت کی دستاویز بھی قلم اور سیاہی دستخط کے ساتھ ہونا ضروری ہے۔

☐ جب ’ارادے کی اطلاع‘ ای میل کے ذریعے بھیجی جائے، تو CSE کو بھیجے جانے والے ای میل کی عنوان ""Notice of Intent 2027-28 SY” ہونا چاہیے۔

CSE تحریری طور پر PNI کے قبول ہونے کی تصدیق کرے گا یا خاندان یا خاندان کی نمائندگی کرنے والے وکیل کو ایسے PNI کو جمع کروانے کے لیے تکنیکی معاونت فراہم کرے گا جو اوپر دی گئی شرائط پر پورا اترتا ہو۔

والدین کی جانب سے داخل کیے گئے اُن طلباء کے لیے معلومات جو ابتدا میں 1 جون کے بعد خصوصی تعلیمی تشخیص کے لیے ریفر کیے گئے ہوں

☐ ان طلباء کے والدین جن کی تشخیص پہلی مرتبہ نشاندہی 1 جون، 2026 سے 1 اپریل، 2027 کے دوران کی جائے، انہیں اس ابتدائی نشاندہی کے 30 دن کے اندر خدمات کی درخواست لازماً دینا ہوگی۔ اطلاع پر مندرجہ بالا شرائط کا اطلاق ہو گا۔ ایسی کوئی بھی درخواست جو موجودہ تعلیمی سال کی 1اپریل یا اس کے بعد موصول ہوئی، اس کو اگلے تعلیمی سال کے لیے خدمات کی بروقت درخواست تصور کیا جائے گا۔

☐ جن طلباء کی 1 اپریل، 2027 سے 1 جون، 2027 کے درمیان پہلی مرتبہ معذوری کے حامل کے طور پر نشاندہی کی گئی ہے، ان کی خدمات کی درخواستیں 1 جون 2026 تک موصول ہونا چاہئیں تاکہ وہ 28–2027 تعلیمی سال کے لیے اہل ہو سکیں۔ اطلاع پر مندرجہ بالا شرائط کا اطلاق ہو گا۔

ضلع کا میرے بچے کے گھر پر تعلیم / غیر سرکاری اسکول کی نشاندہی کرنا

یہ تعین کرنے کے لیے کہ کون سے CSE کو 'والدین کے ارادے کی اطلاع' موصول ہونا چاہیے، براہِ کرم New York City Geographic Online Address Translator (GOAT) ملاحظہ کریں۔ صفحے کے بائیں جانب ADDRESS FUNCTIONS کے نیچے، FUNCTION 1B پر کلک کریں، اپنے غیر سرکاری اسکول یا ہوم اسکول کا پتہ ٹائپ کریں، اور پھر نیچے "شہری خدمت کی معلومات" تک اسکرول کریں، جہاں آپ کو "اسکول ضلع" نظر آئے گا۔ براہِ کرم www.schools.nyc.gov/cse پر موجود "میری کمیٹی برائے خصوصی تعلیم کی نشاندہی " والے حصے پر جائیں تاکہ آپ اپنے اسکول ضلع کے مطابق CSE تلاش کر کے اس کی رابطہ معلومات حاصل کر سکیں۔

اپنی کمیٹی برائے خصوصی تعلیم (CSE) کی شناخت کرنا (ضلع کا مقام)

CSEs کے لیے رابطے کی معلومات، بشمول ہر CSE کے ماتحت اسکول اضلاع، درج ذیل میں فراہم کی گئی ہیں۔ 'ارادے کی اطلاع' متعدد CSEs یا اپنے نجی اسکول سے وابستہ نہ ہونے والے CSE کو بھیجنے سے آپ کے 'ارادے کی اطلاع' کی کاروائی میں تاخیر ہو سکتی ہے۔

☐ **CSE 1**(اضلاع 7،9،10) **ای میل:**CSE1PNI@schools.nyc.gov **پتہ:** 1 Fordham Plaza, 7th Floor Bronx, New York 10458 ☐ **CSE 2**(اضلاع 8،11،12) **ای میل:** CSE2PNI@schools.nyc.gov **پتہ:** 3450 E. Tremont Avenue, 2nd Fl. Bronx, New York 10465 ☐ **CSE 3** (Districts 25, 26, 28, 29) **ای میل:** CSE3PNI@schools.nyc.gov **پتہ** اضلاع 25 اور 26 کے لیے۔ 30-48 Linden Place Flushing, New York 11354 **پتہ** اضلاع 28 اور 29 کے لیے۔ 90-27 Sutphin Boulevard	☐ **CSE 5**(اضلاع 19،23،32) **Email:** CSE5PNI@schools.nyc.gov **پتہ:** 1665 St. Marks Avenue Brooklyn, New York 11233 ☐ **CSE 6** (Districts 17, 18, 22) **ای میل:** CSE6PNI@schools.nyc.gov **پتہ:** 5619 Flatlands Avenue Brooklyn, New York 11234 ☐ **CSE 7**(اضلاع 20،21) **ای میل:** CSE7PNI@schools.nyc.gov **پتہ:** 415 89th Street Brooklyn, New York 11209 ☐ **CSE 8** (Districts 13, 14, 15, 16) **ای میل:** CSE8PNI@schools.nyc.gov **پتہ:** 131 Livingston Street, 4th Floor Brooklyn, New York 11201 ☐ **CSE 9**(اضلاع 1،2،4) **ای میل:** CSE9PNI@schools.nyc.gov

Jamaica, New York 11435

☐ **CSE 4** (اضلاع 30،27،24)
ای میل CSE4PNI@schools.nyc.gov

پتہ اضلاع 24 اور 30 کے لیے-
11 Queens Plaza North, 5th Floor-28
Long Island City, New York 11101

پتہ ضلع 27 کے لیے
2nd Floor ،01 Rockaway Boulevard-82
Ozone Park, New York 11416

پتہ: 333 7th Avenue, 4th Floor
New York, New York 10001

☐ **CSE 10** (اضلاع 6، 5 ، 3)
ای میل: CSE10PNI@schools.nyc.gov
پتہ: 388 West 125th Street
New York, New York 10027

☐ **CSE 11** (ضلع 31)
ای میل: CSE11PNI@schools.nyc.gov
پتہ: 715 Ocean Terrace, Building A
Staten Island, New York 10301

غیر پبلک ایلیمنٹری یا سیکنڈری اسکول کے علاوہ دیگر تعیناتیاں

براہ کرم توجہ کریں کہ خصوصی تعلیم کی خدمات جو NYCPS کے ذریعے فراہم کی جاتی ہیں، **صرف** ان طلباء کے لیے دستیاب ہیں جو گھر پر تعلیم حاصل کر رہے ہیں یا غیر پبلک پرائمری اور سیکنڈری اسکولوں میں اپنے خاندان کے اخراجات پر داخل ہیں۔ جو طلباء کسی پری اسکول پروگرام، پبلک اسکول، یا چارٹر اسکول میں ہیں، وہ IESP کے تحت خصوصی تعلیم کی خدمات کے اہل نہیں ہیں۔

28–2027 تعلیمی سال کے لیے درخواست جمع کروانے میں تاخیر

28–2027 تعلیمی سال کے لیے NYCPS کو آپ کا 'ارادے کی اطلاع' موصول ہونے کی آخری تاریخ، 1 جون، 2027پر سختی سے عمل کیا جائے گا۔ اگر آپ کے 'ارادے کی اطلاع' 1 جون، 2027 تک موصول نہ ہوئی، تو آپ کا بچہ 28–2027 کے تعلیمی سال کے لیے نیو یارک شہر پبلک اسکولز سے خصوصی تعلیم کی خدمات حاصل کرنے کا اہل نہیں ہو گا۔